سوال نمبر: 13446
منجانب: احمد کنڈی صاحب ایم پی اے

جواب	سوال
جی نہیں رودکوہی ڈیرہ اسماعیل خان کے نام کا کوئی منصوبہ اس وقت نہیں ہے تاہم معزز رُکن کی خدمت میں عرض کرتا چلو کہ سال 2014 میں ایک منصوبہ بنام" Improvement of Rod Kohi System District Tank & DIKhan " میں شروع ہوا تھا۔ جو کہ سال 17-2016 میں اختتام پذیر ہو چکا ہے۔ مزید برآں رودکوہی نظام کی مرمت کے لئے ہر سال ڈپٹی کمشنر ڈی آئی خان کو فنانس ڈیپارٹمنٹ براہ راست رقم فراہم کرتی ہے۔ جس میں محکمہ اریگیشن کا کوئی کردار نہیں ہوتا۔ اور اس کی تفصیل محکمہ اریگیشن کے پاس نہیں ہے۔	کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ ا) آیا یہ درست ہے کہ ایک منصوبہ رودکوہی ڈیرہ اسماعیل خان کی نام سے جاری ہے؟ ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ منصوبے کے لئے سالانہ کتنا فنڈ مختص کیا جاتا ہے۔ مذکورہ فنڈ کہاں کہاں پر خرچ ہوا ہے اور کس کس شخص کو اس کی رقم کی ادائیگی ہوئی ہے۔ نیز 2017, 2018 اور 2019 میں مختص شدہ فنڈ اور استعمال شدہ فنڈ کی تفصیلات ائیر وائز فراہم کی جائے۔

Scanned with CamScanner